


# پی سی بی نے نوجوان کرکٹرز کے لیے روڈمیپ واضح کردیا

- نوجوان کھلاڑی اسکول، ہائی پرفارمنس اور مختلف ایج گروپس میں کارکردگی کا مظاہرہ کرکےاعلیٰ سطحی کرکٹ میں جگہ بناسکتے ہیں
- ہم کرکٹ کو نوجوانوں کے لیے ایک سنجیدہ کیریئر بنانا چاہتے ہیں، چیئرمین پی سی بی احسان مانی
- ایک روزہ اور تین روزہ قومی انڈر 19 کرکٹ کے مقابلے یکم اکتوبر سے6 ٹیموں کے درمیان شروع ہوں گے
- انڈر 13 اور انڈر 16 کھلاڑیوں کے لیے ٹرائلز کا آغاز 12 ستمبر سے ہوگا

**لاہور،6 ستمبر 2019ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ ڈومیسٹک سیزن 20-2019 کے فرسٹ کلاس میچز میں کھیل کے معیار میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ ملک بھر سے ٹیلنٹ کی تلاش کے لیے نوجوان کرکٹرز کے درمیان مقابلوں کا انعقاد کررہا ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کو یقین ہے کہ آئندہ ڈومیسٹک سیزن نوجوان کھلاڑیوں کے لیے اعلیٰ سطحی کرکٹ میں آنے کا واضح روڈمیپ ہے۔

90 سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کی زیرنگرانی کلب کرکٹ کے ساتھ ساتھ اسکول اورمختلف ایج گروپ کے مقابلے ہوں گے۔ ہر سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن اپنے دائرہ اختیار میں رہتے ہوئے مقابلوں کا انعقاد کرے گی ۔ اس کے قطع نظر کہ ایک کھلاڑی اسکول کرکٹ سے اپنے سفر کا آغاز کررہا ہے یا پی سی بی سے منظور شدہ کسی کرکٹ کلب سے مقابلوں کے انعقاد سے نوجوان کھلاڑیوں کو اعلیٰ سطحی کرکٹ میں آنے کے مواقع میسر آئیں گے۔

نئے ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر کے تحت سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن کو متواتر اسکول

کرکٹ کے مقابلوں کا انعقاد کرنا ہوگا جس سے نئے ٹیلنٹ کی تلاش میں مدد ملے گی۔ کلب اور سٹی کرکٹ ٹیموں کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام سمیت نوجوان کھلاڑیوں کو ٹیلنٹ دیکھانے کے لیے دیگر راستے بھی میسر ہوں گے۔

تمام کرکٹ ایسوسی ایشنز کو سالانہ انٹر سٹی کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کرنا ہوگا۔ انٹر سٹی کرکٹ ٹورنامنٹ کی 6 فاتح ٹیمیں نیشنل سٹی چیمپئن شپ میں مدمقابل آئیں گی۔ علاوہ ازیں ہر ایسوسی ایشن ایک روزہ اور تین روزہ مقابلوں کے لیے اپنی اپنی انڈر 19 کرکٹ ٹیموں کا انتخاب کرے گی۔

تمام کرکٹ ایسوسی ایشنز کوسٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کے تعاون سے انڈر 13 اور انڈر 16 ٹیموں کے انتخاب کے لیے ٹرائلز کا انعقاد کرنا ہوگا۔

پاکستان کرکٹ بورڈ انڈر 13 اور انڈر 16 کھلاڑیوں کے لیے ٹرائلز 12 ستمبر سے شروع کررہا ہے۔ انڈر 13 کیچ ام ینگ اور انڈر 16 پی سی بی پیپسی کرکٹ اسٹارز پروگرام کے تحت ٹرائل 20 ستمبر تک جاری رہیں گے۔

ٹرائلز کا انعقاد نئے ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر کے تحت ملک بھر کے 82 شہروں میں کیا جائے گا۔ٹرائلز کی نگرانی پی سی بی ڈومیسٹک کرکٹ ڈیپارٹمنٹ اور مقامی کوچز کریں گے۔

ٹرائلز میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو 6 ہائی پرفارمنس سنٹر زمیں تربیت دی جائے گی۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات سے آراستہ تمام ہائی پرفارمنس سنٹرز میں نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی معیار کے مطابق تربیت دی جائے گی۔

گذشتہ ڈومیسٹک کرکٹ سیزن میں قومی فرسٹ کلاس کرکٹر کی اوسط عمر 27.7 تھی جو ٹیسٹ کرکٹ کھیلنے والی بہترین ٹیموں میں دوسرے نمبر پر ہے۔ یہ آئی سی سی کرکٹ ورلڈکپ 2019 میں شریک قومی کرکٹ اسکواڈ کی اوسط عمر سے بھی زیادہ ہے۔

پی سی بی پر امید ہے کہ نئے ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر کے واضح روڈمیپ سے نوجوان کھلاڑیوں کا پول بڑھانے میں مدد ملے گی۔

**احسان مانی ، چیئرمین پی سی بی:**

اس موقع پر چیئرمین پی سی بی احسان مانی کا کہناہے کہ زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو کرکٹ کی طرف راغب کرنا میرا ویژن ہے۔

چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔نئے ڈومیسٹک اسٹرکچر کے تحت ہم کرکٹ کو نوجوانوں کے لیے ایک سنجیدہ کیریئر بنانا چاہتے ہیں۔

احسان مانی کا کہنا ہے کہ ہم کرکٹ کو ہر کسی کی دہلیز تک لے جانا چاہتے ہیں۔ پرامید ہیں کہ اس نئے ڈومیسٹک اسٹرکچر سے ہمیں اس کے حصول میں کامیابی ملے گی تاہم اسے طویل عرصے تک پائیدار رکھنے کے لیے کچھ وقت درکار ہوگا۔

قومی ایک روزہ اور تین روزہ انڈر 19 کرکٹ مقابلے یکم اکتوبر سے 21 نومبر تک جاری رہیں گے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners